## کمشنریٹ آف مائینز لیبر ویلفئیر خیبر پختونخوا نزد جوڈیشل کمپلیکس بلمقابل سرینہ ہوٹل خیبر روڈ پشاور

## دوسری نیلام عام ایکسائز ڈیوٹی معدنیات

نیلامی حقوق وصولی ایکسائز ڈیوٹی نوٹیفائیڈ معدنیات پر صوبے کے درجہ ذیل ڈویژن کے لیے (ماسوائے سیمنٹ فیکٹریوں کے لیز شدہ رقبہ جات، زیر تعمیر ڈیموں کیلئے مختص شدہ رقبہ جات سے نکالے جانے والے معدنیات، افغانستان اور دیگر ممالک سے درآمد شدہ معدنیات، قیمتی دھاتیں، قیمتی و نیم قیمتی پتھر، جواہرات اور ریڈیو ایکٹیو منرلز)، جن کی ترسیل کانوں (مائینز) سے بذریعہ سڑک کی جاتی ہے، برائے سال 27-2026 (11 ماہ) کیلیے کمشنریٹ آف مائینز لیبر ویلفئیر خیبر پختونخوا نزد جوڈیشل کمپلیکس بلمقابل سرینہ ہوٹل خیبر روڈ پشاور میں درجہ ذیل شیڈول کے مطابق ہوگی۔

| نمبر شمار | ڈویژن | تاریخ نیلامی | ٹھیکے کی مدت | سرکاری بولی | کال ڈپازٹ (زر بیعانہ) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | مردان | 21 جولائی 2026<br>بوقت 2 بجے دن | یکم اگست 2026<br>تا<br>30 جون 2027 | -/64,167,000 روپے | -/6,416,700 روپے |
| 2 | پشاور | 21 جولائی 2026<br>بوقت 2 بجے دن | یکم اگست 2026<br>تا<br>30 جون 2027 | -/17,697,000 روپے | -/1,769,700 روپے |

**شرائط نیلامی۔**

1. نئی خواہشمند پارٹی / پارٹیوں کو نیلام ہذا میں حصہ لینے کے لئے کمشنر مائینز لیبر ویلفیئر خیبر پختونخوا کے پاس رجسٹریشن / پری کوالیفیکیشن برائے سال 27-2026 کے لئے مروجہ رجسٹریشن فیس (ناقابل واپسی) کا بینک چالان بمعہ مطلوبہ تصدیق شدہ دستاویزات (کمپوٹرائزڈ شناختی کارڈ، ڈومیسائل سرٹیفیکیٹ کی کاپی، نیشنل ٹیکس نمبر، بینک اسٹیٹمنٹ، کریڈینشیل سرٹیفیکیٹ متعلقہ ڈپٹی کمشنر اور کریکٹر سرٹیفیکیٹ سے دستخط شدہ) نیلامی سے ایک دن پہلے تک (دفتری اوقات کار کے دوران) جمع کرانے ہونگے۔ نیز پہلے سے رجسٹرڈ شدہ پارٹیوں کو اپنے رجسٹریشن کی مروجہ تجدیدی فیس (ناقابل واپسی) کا بینک چالان بمعہ شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپی اور موجودہ مالی سال کی بینک اسٹیٹمنٹ نیلامی سے ایک دن پہلے تک پیش کرنے ہونگے۔ بصورت دیگر وہ نیلامی ہذا میں حصہ لینے کے اہل نہیں ہونگے۔
2. رجسٹرڈ پارٹیوں کو کال ڈیپازٹ (زر بیعانہ) بصورت اوریجنل کال ڈپازٹ (شیڈول بینکوں سے) بنام کمشنریٹ آف مائنز لیبر ویلفیئر، جس پر نیلامی میں حصہ لینے والے کا نام بھی درج ہو بمع پر شدہ فارم (جو کہ کمشنر مائینز لیبر ویلفیئر کے دفتر سے مروجہ فیس ادہ کرنے پر دفتری اوقات کار کے دوران حاصل کیا جاسکتا ہے)، نیلامی سے ایک دن پہلے جمع کرنا ہونگے۔ بغیر کال ڈیپازٹ (زر بیعانہ) کسی بھی پارٹی کو نیلامی میں حصہ لینے کی اجازت نہیں ہوگی۔
3. کامیاب بولی دہندہ بولی کا دس فیصد رقم بطور سیکورٹی بصورت سی ڈی آر (شیڈول بینک سے) کمشنر مائنز کے پاس اور دس (10٪) فیصد ایڈوانس (پیشگی) ودہولڈنگ ٹیکس مروجہ قانون کے تحت انکم ٹیکس ڈیپارٹمنٹ کے پاس فوری جمع کرنے کا پابند ہوگا۔
4. کامیاب بولی دہندہ کو بولی کا پچیس فیصد (25٪) رقم بطور ایڈوانس (پیشگی) مختص شدہ ہیڈ آف اکاؤنٹ میں اور پروفیشنل ٹیکس مروجہ قانون کے مطابق آفر لیٹر کے اجراء کے سات دن کے اندر جمع کرنا ہوگا بصورت دیگر اسکی سیکورٹی بحق سرکار ضبط کی جائیگی۔ نیز وہ بقایا پچہتر فیصد (75٪) بولی کی رقم کی ادائیگی اقساط کی صورت میں ادا کرنے کا بھی پابند ہوگا۔
5. دوران ٹھیکہ اگر حکومت کی طرف سے ایکسائز ڈیوٹی کی موجودہ ریٹس میں اضافہ کیا گیا یا مزید معدنیات شیڈول میں شامل کئے گئے یا ٹیکس ریٹس میں ردوبدل کیا گیا تو کامیاب بولی دہندہ نیلامی کی اصل رقم پر اضافی رقم جو بھی بنتا ہو اسے قبول کرنے اور ادائیگی کا پابند ہوگا۔
6. کامیاب بولی دہندہ کمشنر مائنیز لیبر ویلفیئر خیبر پختونخوا کے ساتھ جوڈیشل سٹامپ پیپر پر معاہدہ ورک آرڈر کے اجراء سے پہلے کرنے کا پابند ہوگا۔
7. آفیسر مجاز کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ وجہ بتا کر کسی بھی بولی کو مسترد کر سکتا ہے
8. دیگر شرائط وضوابط اور مزید معلومات حاصل کرنے کیلئے دفتر کمشنر مائنیز لیبر ویلفیئر واقع نزد جوڈیشل کمپلیکس بلمقابل **سرینہ ہوٹل** خیبر روڈ پشاور سے دفتری اوقات کار کے دوران رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

**کمشنر مائنز لیبر ویلفیئر خیبر پختونخوا۔ 0919211723**

CamScanner